# سی۔ایم کالج، دربھنگہ کے بی بی اے، بی سی اے کورس کو اے آئی سی ٹی ای کی منظوری

**دربھنگہ (ایس این بی)**

دربھنگہ اور گردو نواح کے لئے یہ خبر باعث مسرت ہے کہ شمالی بہار کے تاریخی تعلیمی ادارہ سی۔ایم کالج، دربھنگہ میں چل رہے پیشہ وارانہ کورس بی بی اے اور بی سی اے کو آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن (اے آئی سی ٹی ای)، حکومت ہند، نئی دہلی سے باضابطہ منظوری مل گئی ہے اور

اب ان دونوں پیشہ وارانہ کورسوں کے فارغین کو قومی سطح پر ایک نئی شناخت ملے گی۔ یہ اطلاع پروفیسر ممتاز احمد، پرنسپل سی ایم کالج، دربھنگہ نے دی ہے۔انہوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شعبۂ کامرس کے صدر پروفیسر للت کمار شرما کی کوششوں سے ان دونوں کورسوں کو آل انڈیا کونسل فار ٹیکنیکل ایجوکیشن، نئی دہلی سے منظوری ملی ہے اور اب ہمارے طلباء کو مختلف سرکاری اور غیر سرکاری اداروں میں ملازمت حاصل کرنے میں آسانیاں ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ اس سال ان دونوں کورسوں میں داخلے کے لئے اعلان جاری ہو چکا ہے اور 31 مئی 2024 تک فارم پُر کیا جاسکتا ہے۔ان دونوں کورسوں کو قومی ادارہ کی جانب سے منظوری ملنے پر کالج میں خوشی کا ماحول ہے اور تمام اساتذہ وملازمین نے اے آئی سی ٹی ای کے ساتھ ساتھ محکمۂ اعلیٰ تعلیم، حکومت بہار کے تئیں اظہار تشکر پیش کیا ہے کہ بہار کے مختلف تعلیمی اداروں میں چل رہے پیشہ وارانہ تعلیم کو فروغ دینے کے لئے حکومت ہند نے پہل کی اور شمالی بہار کے تعلیمی ادارہ سی ایم کالج، دربھنگہ کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے۔اظہار مسرت کرنے والوں میں کالج کے اساتذہ پروفیسر ابصار عالم، ڈاکٹر اشوک کمار پودار، ڈاکٹر رنجیتا کماری، ڈاکٹر آشیش کمار بریار، ڈاکٹر شاہ عالم، ڈاکٹر سجیت کمار، ڈاکٹر شیاشیر، شری روی کمار، انجنیئر پریرنا کماری وغیرہ شامل ہیں۔

# نہر میں گرنے سے 3 سالہ معصوم بچی ہلاک

جالے (ایس این بی) بہار پور بلاک کے ڈربار پنچایت گاؤں میں ہفتہ کو ایک انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ بتایا گیا ہے کہ نہر کے پاس سے گزر رہی ایک لڑکی کی نہر میں گر کر موت ہوگئی۔ لواحقین نے مقامی لوگوں کی مدد سے لاش کو نہر سے نکال کر سڑک پر رکھ دیا اور احتجاجی مظاہرہ کیا۔ اطلاع ملتے ہی بہار پور پولیس سمیت کئی تھانوں کی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور مشتعل لوگوں کو سمجھایا بجھایا اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈی ایم ایس ایچ بھیج دیا۔معلومات کے مطابق 30 سے 40?? کے قریب بے زمین غریب لوگ نہر کے کنارے مکانات بنا کر زندگی گزار رہے ہیں۔ یہ لوگ عرصہ دراز سے حکومت سے درخواست کر رہے ہیں کہ انہیں علیحدہ زمین دی جائے لیکن اب تک حکومتی سطح سے انہیں زمین فراہم نہیں کی گئی جس کی وجہ سے یہ تمام خاندان ڈیم کے کنارے جھونپڑیاں بنا کر زندگی گزار رہے ہیں۔ مالے لیڈر نندلال ٹھاکر اور مقامی کوشلیا دیوی کا کہنا ہے کہ یہاں اکثر کوئی نہ کوئی واقعہ ہوتا رہتا ہے، آج کھیلتے ہوئے 3 سالہ بچی کا کماری کی نہر کے گہرے پانی میں ڈوبنے سے موت ہوگئی جو رات کمار رام کی بیٹی تھی۔ سرکل آفیسر نے کہا کہ جو بھی سرکاری امداد دی جائے گی وہ لواحقین کو فراہم کی جائے گی۔

# سی ایس پی آپریٹر سے لوٹ کر فرار ہو رہے 2 لٹیرے گرفتار

## 2 لاکھ 18 ہزار 500 روپئے، کھلونے نما پستول اور 1 بائیک برآمد

**جالے (محمد رفیع ساگر / ایس این بی)**

بشن پور تھانہ علاقہ کے گوھیلا گاوں کے پاس بائیک سوار لٹیروں نے ایک سی ایس پی آپریٹر 39 سالہ پنکج کمار شرما سے دن دہاڑے 5 لاکھ 95 ہزار 275 روپیہ لوٹ لئے تاہم فرار ہونے کے دوران مقامی لوگوں نے جرات مندی کا مظاہرہ کر کے 2 لٹیروں کو پکڑ لیا جس کے پاس سے 2 لاکھ 18 ہزار 500 روپیہ بھی برآمد ہوا ہے جبکہ دیگر لٹیرے فرار ہو گئے جس کی گرفتاری کے لئے پولیس ٹیم کارروائی کر رہی ہے۔ایس ایس پی جگوناتھ ریڈی جلا ریڈی نے بتایا کہ لوٹ کی اطلاع سامنے آنے کے بعد بشن پور تھانے کی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر دونوں لٹیرے کو گرفتار کر لیا جس کے پاس سے 2 لاکھ 18 ہزار 500 روپے، کھلونا نما پستول ،اور ایک ٹی وی ایس بائیک برآمد ہوئی ہے۔ پکڑے گئے لٹیروں میں انھیپٹیک کمار ولد راجد یو سنہی اور اجیت کمار ولد راجد یو سنہی ساکن وجینے چھپرہ تھانہ احیاپور ضلع مظفر پور شامل ہیں۔اس کے خلاف پیٹھنی کارروائی کی جارہی ہے۔

بتایا گیا ہے کہ پنکج کمار شرما ایک کالے رنگ کی بیگ میں روپیہ بھر کر اپنے CSP برانچ پنوری کے راسوورپ چوک پر جا رہے تھے۔گھر سے تقریباً ایک کلومیٹر کے فاصلے پر گوریلا گاؤں کے پاس مخالف سمت سے آنے والے موٹر سائیکل پر سوار تین افراد نے پنکج شرما کی موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس سے وہ بائیک سمیت نیچے گر گیا اور اسے پستول (کھلونے نما) دکھا کر بیگ، ایک موبائل فون اور گاڑی کی چابی چھین لی۔ واقعہ کے بعد تینوں ہجوم گوڈ ھیلا گاؤں کی طرف بھاگے جبھی پنکج کمار نے اپنے والد رام پکار شرما کو واقعے کی اطلاع دوسرے شخص کے موبائل فون کے ذریعے دی۔اطلاع ملتے پر اس کے والد نے گاؤں والوں کے ساتھ مل کر سڑک کو گھیرے میں لے لیا اور جیسے ہی مجرم وہاں پہنچا، گاؤں والوں کی جانب سے اسے پکڑنے کی کوشش کی گئی بعد میں 2 لٹیروں کو بائیک سمیت پکڑ لیا گیا۔جبکہ تیسرا فرار ہونے میں کامیاب رہا۔تھانہ انچارج انوج کمار نے موقع پر پہنچ کر جب دونوں لٹیروں کی تلاشی لی تو اس کے پاس سے لوٹی گئی روپیوں میں 2 لاکھ 18 ہزار 500 روپیہ، ایک کھلونے نما پستول اور بائیک ضبط کی گئی۔

# صدر عالم میموریل اسکول میں کلاس مانیٹر کا انتخاب

**بہار شریف (ایس این بی)** صدر عالم میموریل اسکول میں کلاس مانیٹر اور ہاؤس مانیٹر کا انتخاب ختم ہوا۔ یہ انتخاب بچوں میں اپنی ذمہ داریوں کے تئیں بیداری پیدا کرتا ہے اور جمہوری

نظام کے تئیں جوش بڑھاتا ہے۔اس انتخاب میں دو سیٹ کے لیے امیدوار کھڑے ہوئے تھے۔جس میں ہر طبقہ کے لیے ایک کپتان اور دوسرے ہاؤس کے لیے ایک امیدوار کھڑا ہوا تھا۔جس میں ہر طبقہ کے لیے ایک مانیٹر اور ہر ایک ہاؤس کے لیے ایک مانیٹر کا انتخاب ہونا تھا۔کلاس ii سے X تک کے سبھی طلبہ نے ووٹنگ کیا۔بچوں میں انتخاب تھا کہ تقریباً 95 فیصد بچوں نے اپنے ووٹ کا استعمال کیا۔جس طرح جمہوریت کے لیے ووٹنگ سب سے بڑا تہوار ہے اسی طرح یہ اسکول کے لیے اہم پروگرام ہے۔اس کے ذریعہ طلبہ کے اندر جمہوریت کا جذبہ بڑھانے کی کوشش کی جاتی ہے۔اس انتخاب کے لیے داخلہ 9 مئی سے 11 مئی تک کیا گیا تھا۔ جن میں قریب 73 امیدواروں نے نامزدگی کا پرچہ داخل کیا تھا۔ 18 مئی کو 7 بجے سے پولنگ کا پروگرام ہوا۔10 بجے تک یہ پروگرام چلا۔

# نہانے کے دوران طالبہ غرقاب

**بروٹی/ بیگوسرائے (ایس این بی)** رات گاؤں پنچایت کے رادھا رمن اینٹ چمنی کے سامنے گنگا گھاٹ پر نہانے کے دوران ایک لڑکی گہرے پانی میں چلی گئی۔ مقامی غوطہ

خوروں کی ذریعہ اس کی کافی تلاش کی گئی لیکن دیر شام تک پتہ نہیں چلا۔ شام چھ بجے تک ایس ڈی آر ایف کی ٹیم کے نہیں پہنچنے مقامی لوگوں میں مشتعل دیکھا گیا۔ لڑکی کی شناخت رات گاؤں پنچایت کے وارڈ نمبر 10 باشندہ امر جیت کمار کی 14 سالہ بیٹی کرشما کماری کے طور پر ہوئی۔ کرشماں کے ساتھ نہانے آئی تھی۔ نہانے کے بعد گنگا کا پانی لینے گئی۔ اس دوران ڈبہ پانی میں بہہ گیا اسی کو پکڑنے کے دوران گہرے پانی میں چلی گئی اور ڈوب گئی۔ خبر ملتے پر سی او روی رنجن اور تھانہ انچارج املیش کمار موقع پر پہنچے۔ ایس ڈی آر ایف کی ٹیم پہنچ کر تلاش شروع کی۔ لیکن کوئی پتہ نہیں چلا۔ کرشمہ دو بھائی بہن میں بڑی تھی وہ دسویں کی طالبہ تھی۔

# شیو چندر رام کو کامیاب بنانے کی تیجسوی کی اپیل

**حاجی پور (عبدالواحد/ ایس این بی)**

حاجی پور پارلیمانی حلقہ کے تحت چہرا کلاں بلاک کے سہان بابی اسکول کے متصل میدان میں راجد امید وار شیو چندرام کیتن میں ایک عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت راجد کے ضلع صدر بیدیہ تا تھ سنگھ چندر نوش نیکی اور نظامت کے فرائض سیودھ رائے نے بخشن خوبی انجام دیا۔اس موقع پر سہان کیجلوا وہ حلقے ہر کونے کونے سے پارٹی کے کارکنان کیجلوا وکافی تعداد میں عظیم اتحاد کے کامتی، سریش سنگھ، رام جولیشور پرساد سنگھ وغیرہ نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

# آتشزدگی سے متاثرہ کنبہ کو مالی امداد

**ناؤ کوٹھی/ ایس این بی)** بلاک حلقہ کے تحت پرسارا مغرب کے آگ متاثرین کو ناؤ کوٹھی سرکل کے ذریعہ امدادی رقم دی گئی۔ سی او سورج کمار نے بتایا کہ پرسارا کے پانچ ٹھاکر پریوار، تین ٹھاکر، گنگا ٹھاکر، ڈوڈھا ٹھاکر، ناگوں ٹھاکر اور وینا دیودی کو سرکل کی طرف سے سی سرکل ناظر کمیش کمار نے گیارہ ہزار روپے کا چیک ہر آگ متاثرہ کنبہ کو دیا۔ واضح ہو کہ پسارا وارڈ نمبر 11 میں پانچ دسمبر 23 کو

گیس سلنڈر سے لگی آگ سے گھر اور اس میں رکھا سامان جل کر راکھ ہوگیا۔اس موقع پر وارڈ نمبر 11 کے ممبر سمر جیت کمار، بلاک جنتا دل یو کے صدر کمیش کمار سنگھ موجود تھے۔

# اے سی جے ایم کی الوداعی تقریب

**بکھری/ بیگوسرائے (عارف حسین/ ایس این بی)**

ہفتہ کو جلسہ گاہ میں اے سی جے ایم رویندر کمار کے تبادلہ کے بعد بکھری ایڈوکیٹس ایسوسی ایشن کے جلسہ گاہ میں ایک تقریب کا انعقاد کر کے انہیں وداعی دی گئی۔ جنرل سکریٹری راج کمار نے پروگرام کی نظامت کی۔ وداعی تقریب میں اے سی جے ایم مسٹر کمار نے وداعی تقریب کے دوران کہا کہ بار اور بنچ کے آپسی تعاون سے مشکل سے مشکل حالات میں کام کرنے کا موقع ملا۔ جس وجہ سے زیادہ سے زیادہ کام نمٹایا جاسکا۔ انہوں نے کہا کہ بکھری کے وکلاء کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے قابل رسائی انداز میں کام کرنے کا موقع فراہم کیا۔اس دوران وکلاء نے اسے ہی رویندر کمار کے دور میں کئے گئے کاموں پر تبادلہ خیال کیا اور بکھری مقدمات کو بند کرنے میں ان کے تعاون کے لئے شکریہ ادا کیا۔اور جج گوکھل سترا، ڈائری اور کاسریٹ دے کر احترام کے ساتھ الوداع کیا۔

اس موقع پر جوڈیشل مجسٹریٹ سدھیر کمار پاسوان، اے پی او شرما پراوین کمار رام رتن، سوپر کمار، محمد صلاح الدین خان، گورو کمار، نول کشور رائے، رام پرویش ورما، شیو شنکر ٹھاکر، سریندر کیشری، مدھوسودن مہتو، منوہر کیسری، امیش پرساد، راشٹرن رائے، مدن

# شجرکاری سے ماحولیات میں توازن رہتا ہے: ڈاکٹر وجے

**بیگوسرائے (ایس این بی)**

پاٹھ شالا مایا سیکنڈ ہوم اسکول میں ہفتہ کو زلزلہ سے بچاؤ کے لیے ماک ڈرل کیا گیا۔ ساتھ ہی ساتھ شجرکاری اور صفائی مہم کا انعقاد کیا گیا۔جس کی قیادت اسکول کے ڈائریکٹر اور للت نارائن متھلا یونیورسٹی دربھنگہ کے سنڈیکٹ ممبر ڈاکٹر وجے کمار نے کی۔ اس دوران انہوں نے بچوں کو زلزلہ سے بچاؤ کی ضروری باتیں اور شجرکاری کی اہمیت سمجھایا۔اس اسکول کے احاطے میں منعقد ڈرل کے دوران انہوں نے بتایا کہ زلزلہ آنے پر کھلے میدان کی طرف جانا چاہئے یا ستر، میز وغیرہ کے نیچے چھپ جانا چاہیے۔ اس دوران انہوں نے بچوں کو شجرکاری اور صفائی ستھرائی کی اہمیت کے بارے میں بتایا کہ پودے لگانے سے ماحول میں توازن پیدا ہوتا ہے اور انسانی اقدار کے قیام میں اس کی خصوصی اہمیت ہے۔ پودے لگانا نہ صرف محکمہ جنگلات کا کام ہے بلکہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے اس کے ساتھ انہوں نے کہا کہ عالمی وبا کورونا کے دوران انسانوں کو آکسیجن کے لیے جگہ جگہ بھٹکنا پڑا، اس لیے ہم سب کو پودے لگانا چاہیے۔ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں تاکہ سب کو خالص آکسیجن مل سکے اس کے علاوہ انہوں نے بچوں کو میوہ پھل اور سبزیاں لگانے کی ترغیب دی اور اس دوران تمام اساتذہ نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔ کمار، انوپیہ، ساوھنا کیرتی، سپنا کماری، مسکان بھارتی، پوجا کماری، روپی کماری، کومل کماری سمیت سینکڑوں بچوں نے شرکت کی۔

# انتخاب سے منسلک عہدیداروں کا پوسٹل بیلٹ کے ذریعہ ووٹنگ کی ٹریننگ

**بہار شریف (ایس این بی)**

جنرل آبزرور مسز موشومی چیراج چودھری، 29 نالندہ پارلیمانی حلقہ اور مسٹر منجیت کمار، ایڈیشنل کلکٹر، گھر جھون، بہار شریف، نالندہ، لوک سبھا کے عام انتخابات-2024 کے لیے، انتخابی کارکنان/ 85 پلس/ پی ڈبلیو ڈی زمرہ کے متعلقہ عہدیداروں/ اہلکاروں کے لیے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی کامیاب انعقاد کے لیے تربیتی پروگرام کا افتتاح مشترکہ طور پر چراغ جلا کر کیا گیا۔جن پولنگ ورکرز نے ووٹنگ کے لیے پہلی ٹریننگ کے دوران فارم 12 بھرا ہے، ان تمام پولنگ ورکرز کو 21 کو دوسری ٹریننگ کے دن چارٹرڈ بینک سائنس پر پوسٹل بیلٹ فارم کے ذریعے بھیج دیا جائے گا۔ 22، 23 اور 24 مئی کو 2024 میں ووٹنگ ہوگی۔

پولنگ عملے کے لیے ووٹ ڈالنے کے لیے دوسرا اپائنٹمنٹ لیٹر اور شناختی کارڈ لانا لازمی ہوگا۔وہ کارکن جو دوسرے اضلاع سے 25 دور ہیں، ان کی ووٹنگ 25 مئی 2024 کو ٹاؤن ہال میں ہوگی۔ ان کے لیے دوسرا تربیتی خط اور شناختی کارڈ لانا لازمی ہوگا۔ ضلع بھر میں 12 ویں دن 85 پلس اور پی ڈبلیو ڈی زمروں کے کل 478 شناخت شدہ ووٹرز کو قبول کیا گیا ہے، جن کے لیے 24 اور 25 مئی 2024 کو ہوم ووٹنگ کی جائے گی۔ ہوم ووٹنگ کے لیے، ووٹنگ ٹیم ووٹر کے گھر جائے گی اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے منصفانہ/ شفاف ووٹنگ کو یقینی بنانے کے لیے ویڈیو گرافی بھی کرائے گی۔اس موقع پر سب ڈویژنل آفیسر صدر بہار شریف، سب ڈویژنل پولیس آفیسر، نوڈل آفیسر ٹریننگ سیل، نوڈل آفیسر پوسٹل بیلٹ سیل، ضلع پنچایتی راج آفیسر اور دیگر افسران موجود تھے۔

**Format C-2**

Declaration about criminal antecedents of candidate set up by the party
*(As per the judgment dated 25th September, 2018, of Hon'ble Supreme Court in WP (Civil) No.536 of 2011 (Public Interest Foundation & Ors. Vs. Union of India & Anr.)*

Name of Political Party : **All India Majlis-E-Ittehadul Muslimeen (A.I.M.I.M.)**

*Name of Election : **General Elections to House of the People, 2024**

Name of State / ~~UT~~ : **Bihar State**

| 1 | 2 | 3 | 4 | | | 5 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Sl. No. | Name of constituency | Name of candidate | (A) Pending criminal cases | | | (B) Details about cases of conviction for criminal offences | |
| | | | Name of Court, Case No. & status of the case(s) | Sections of the Acts concerned & brief description of offence(s) | Name of Court & date(s) of order(s) | Description of offence(s) & punishment imposed | Maximum Punishment Imposed |
| 01 | 31-Patalipuatra Parliamentary Constituency | Md. Farooque Raza | 1.ADJ-25 PATNA 8002/2022 OUT OF FIR NO. 1155/2022 P.S - PHULWARI SHARIF CASE IS UNDER INQUIRY | ACT- 341,323,307,120B,34 | Not Applicable | Not Applicable | Not Applicable |
| | | | 2. A.C.J.M-14 294/2023 OUT OF FIR NO. 0579/2022 P.S- PHULWARI SHARIF PATNA FALSE ALLEGATION BY COMPLAINANT, CASE UNDER TRIAL | ACT- 384,386,506,34 | | | |

# کامیابی کیلئے محنت، لگن اور وقت کی قدر ضروری

## سی بی ایس ای 10ویں میں پاس بریلنٹ اسکول کے طلبہ طالبات انعامات سے سرفراز

**بہار شریف (ایس این عالم/ ایس این بی)**

دسویں جماعت کے پاس آؤٹ ہونے والے طلباء کو برلینٹ گروپ کی جانب سے انعامات سے نوازا گیا۔ مقامی بھیلیا سور کے برلینٹ کے آڈیٹوریم میں سنٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن 2023-24 کے دسویں جماعت کے پاس آؤٹ ہونے والے طلباء کو اسکول کے ڈائریکٹر، صدر اور پرنسپل نے انعامات سے نوازا۔اس گروپ کے چھ بچوں نے 90% اور اسی 20 بچوں نے 90% سے 80% کے درمیان نمبر حاصل کیے ہیں۔اس گروپ کی تاپرسونالی نے 94% نمبر حاصل کر کے اس ادارے کا نام روشن کیا۔شوبھ کمار، اننت کمار، خوشی پاندے، ماریہ پٹیل اور شریا نے 90 فیصد تک نمبر حاصل کر کے انسٹی ٹیوٹ کا نام روشن کیا۔انسٹی ٹیوٹ کے کھیل گھر بھرے آڈیٹوریم میں یہ ایوارڈ انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر دھنیئے کمار اور صدر ڈاکٹر شتی بھوشن کمار نے دیا جس کی وجہ سے انسٹی ٹیوٹ میں موجود بچوں، اساتذہ اور والدین نے فخروں کی گونج سے بچوں کا جوش مزید بڑھا دیا۔کلاس 10 کے لڑکوں اور لڑکیوں نے اپنے سینٹر پاس آؤٹ ہونے والے بھائیوں اور بہنوں کو گلاب کے پھول اور مٹھائیاں کھلا کر ان کا منہ میٹھا کیا اور ان کے نئے اچھے مستقبل کی خواہش کی۔ آڈیٹوریم میں موجود طلباء سے خطاب کرتے ہوئے انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر دھنیئے کمار نے کہا کہ آپ تمام طلباء جنہوں نے 10 ویں بورڈ کے امتحان میں 94%، 92% یا 91% ریک حاصل کیے ہیں، یہ آپ کی محنت کا نتیجہ ہے، اچھے اساتذہ اور اچھے خاندان کی رہنمائی اور معاشرتی ماحول اور کسی حد تک آپ کی قسمت پر منحصر ہے۔اس لیے ضروری نہیں کہ 95% یا 98% حاصل کرنے والے طلبہ کسی اچھی پوسٹ پر کام کرنے کے لیے آگے بڑھیں، یہاں تک کہ 70 یا 80% حاصل کرنے والے طلبہ بھی بعض اوقات 97% حاصل کرنے والے طلبہ سے بہتر کام کرتے ہیں، اس لیے اپنا ہدف بنائیں۔محنت کریں، اچھی کتاب کو اپنا دوست بنائیں، موبائل سے دور رہیں، تب ہی آپ اچھا نتیجہ دے سکتے ہیں۔ موجودہ میٹنگ میں اسکول کے صدر ڈاکٹر کشمی بھوشن کمار نے کہا کہ سب سے پہلے اپنے روزمرہ کے معمولات کے اصول بنائیں، اصول کے مطابق مطالعہ کریں، بڑوں کا احترام کریں، پودوں اور جانوروں کا خیال رکھیں، اچھی کتابیں پڑھیں، جھوٹ نہ بولیں، ان سب کو اپنے روزمرہ کے معمولات میں اپنا لو۔ پڑھائی کا وقت تو ہر سال آگے گا لیکن تعلیم زندگی میں صرف ایک بار ملے گی جس کا فیصلہ آپ کی عمر کے حساب سے ہوگا، اس لیے صحیح وقت کو پہچانو اور صحیح راستے پر چلتے ہوئے اپنے مقصد کو حاصل کریں۔ اسکول کی پرنسپل ڈاکٹر پشپ لتا ویاس نے بچوں کو مبارک باد دیا اور ان کے خوشگوار مستقبل کی خواہش کی۔ انسٹی ٹیوٹ کے اساتذہ میں رینجے کمار، سنگھ کمار، شور کمار پانڈے، پون کمار وسے کمار نیرج کمار سورج کمار ورما رابھکار سنگھ ایس کے گنگولی، نازیہ خان راج کشور سنگھ، امیت سنگھ، کرن کمار، ملن رانی، اپرنا میڈم، انکیتا مس، رگو میڈم، روقی مس، سیما میڈم صبا پروین اور مشیل شامل ہیں۔ ان اساتذہ نے بچوں کے خوشحال اور تابناک مستقبل کی دعائیں دی۔

**وسط مشرقی ریل**

**ای۔ٹینڈر نوٹس**

ڈویژنل ریل منیجر (مکینیکل)/وسط مشرقی ریل/سمستی پور کے ذریعہ ہندوستان کے صدر جمہوریہ کی جانب سے نیچے لکھے کاموں کیلئے تجربہ کار اور مالی صلاحیت رکھنے والے ٹنڈر دہندگان سے بھارتیہ ریلوے کے آئی آر ای پی ایس ویب پورٹل پر سنگل پاکٹ سسٹم کے تحت کھلا ای۔ٹنڈر کے طور پر مدعو کی جاتی ہے:

ٹنڈر نوٹس نمبر: مکینیکل/ٹی سی۔22 آف 2024 (کھلا ای ٹنڈر) مورخہ 11.05.2024، کام کا نام: نے گھر میں ٹرن کی بنیاد پر 8 گھنٹے کی شفٹ میں 1 ٹن محکمہ جاتی مشینری لاڈری کے قیام کیلئے کوڑ شیڈ کا کام۔ ٹنڈر لاگت (روپے میں): -/37,30,597.90، زر بعانہ کی رقم (روپے میں): -/74,700، کام ختم کرنے کی مدت: نئے دن۔

1۔آئی آر ای پی ایس ویب پورٹل پر ای۔ٹنڈر حاصل کرنے کی تاریخ اور وقت مورخہ 29.05.204 اور وقت 12.30 بجے تک۔2۔ای ٹنڈر کھلنے کی تاریخ اور وقت۔مورخہ 29.05.2024، وقت 1.00 بجے۔ 3۔ ویب سائٹ کی تفصیل جہاں سے ٹنڈر اور ٹنڈر فارم کی تفصیلی جانکاری حاصل کی جاسکتی ہے www.ireps.gov.in

**سینئر ڈویژنل میکنیکل انجینئر**
**وسط مشرقی ریل/سمستی پور**
PR/00306/SPJ/MAC/T/24-25/36